Taxi & Limousine Commission

انڈسٹری نوٹس # **16-18**
برائے فوری اجراء

# میڈیلیئن (بِلّے) کی تجدید فیس اور گاڑیوں کے معائنے


**Meera Joshi**
*کمشنر/چیئر*

**Allan J. Fromberg**
*معاملات عامہ*
*frombera@tlc.nyc.gov*

**Rebecca Harshbarger**
*معاملات عامہ*
*harshbargerR@tlc.nyc.gov*

33 Beaver Street
22nd Floor
New York, NY 10004


<u>تجدید فیس</u>
انڈسٹری کی مشکلات کے نتیجے میں نیویارک سٹی کونسل میڈیلیئن انڈسٹری کا مطالعہ کرنے کے لیے قانون سازی پر غور کر رہی ہے۔ TLC نے میڈیلیئن کے کسی بھی ایسے مالک کے خلاف نفاذ کو روک دیا ہے جو ان کی تجدید فیس ادا کرنے میں ناکام رہا ہے اور TLC اس نفاذ کو اس وقت تک روکے رکھے گا جب تک کونسل قانون سازی پر غور و فکر کر رہی ہے۔

<u>گاڑی کے معائنہ جات</u>
پھر بھی تمام ٹیکسیوں کے لیے سال میں <u>تین</u> معائنوں سے گزرنا اور انہیں پاس کرنا لازم ہو گا۔ تاہم، TLC s کی Woodside معائنہ سہولت گاہ میں گنجائش کو بڑھانے اور ٹیکسی مالکان کے لیے سہولیات کو بہتر بنانے کے لیے، 2019 میں آپ کا ٹیکسی کا پہلا معائنہ آپ کی پسند کی DMV کی آف سائٹ معائنہ سہولت گاہ پر ہو گا۔

2019 میں آپ کی گاڑی کا پہلا معائنہ TLC کی Woodside معائنہ سہولت گاہ میں <u>نہیں</u> ہو گا۔ 2019 میں گاڑی کا دوسرا اور تیسرا معائنہ معمول کے مطابق TLC کی Woodside معائنہ سہولت گاہ میں ہو گا۔
آپ کے لیے اس کا مطلب کیا ہے:

- یکم جنوری 2019 اور 30 اپریل 2019 کے درمیان، <u>آپ کی ٹیکسی کیب کے لیے اس مہینے کے دوران جس میں آپ کے معائنہ کے اسٹکر کی معیاد ختم ہو گی، نیویارک اسٹیٹ کی معائنہ کی کسی بااختیار سہولت گاہ سے تحفظ اور اخراج کا معائنہ پاس کرنا ضروری ہے۔</u> مثال کے طور پر، اگر آپ کی گاڑی کا معائنہ کا اسٹکر مارچ 2019 میں ختم ہو گا، تو آپ کو یکم مارچ 2019 اور 31 مارچ 2019 کے درمیان اپنی ٹیکسی کیب کا معائنہ کروانا ہو گا۔
- اگر آپ کی ٹیکسی کیب یکم جنوری 2019 اور 30 اپریل 2019 کے درمیان ریٹائر ہو رہی ہے، تو آپ اپنی موجودہ گاڑی TLC کی Woodside معائنہ سہولت گاہ میں اپنے اگلے معائنے تک چلانا جاری رکھ سکتے ہیں۔ تاہم، آپ کا معائنہ کا اسٹکر ختم ہونے کے مہینے کے دوران آپ کو اپنی گاڑی کا معائنہ کروانا اور پاس کرنا ہو گا۔
- اگر آپ نے جنوری 2019 سے مارچ 2019 کے درمیان معائنہ کے لئے TLC کے پاس کوئی رقم پہلے سے ہی جمع کروا رکھی ہے، تو وہ آپ کی اگلی تجدید پر آپ کو واپس کر دی جائے گی۔

آپ کے لیے DMV کی کون سی معائنہ سہولت گاہ موزوں ہے، یہ جاننے کے لیے https://process.dmv.ny.gov/FacilityLookup/ ویب سائٹ ملاحظہ کریں۔

اگر آپ کےاس بارے میں کوئی سوالات ہیں کہ تحفظ اور اخراج کا آپ کا اگلا معائنہ کب اور کہاں ہو گا، تو براہ کرم TLCexternalaffairs@tlc.nyc.gov سے رابطہ کریں۔